# 8808 - جس رسی پر نجس اور پلید کپڑے لٹکائے گئے ہوں اس پر دھلے ہوئے کپڑے لٹکانا

### سوال

میں نے کتاب " فقہ السنۃ " میں پڑھا ہے کہ جس رسی پر نجس کپڑے پھیلائے گئے ہوں اگر وہ رسی دھوپ اور ہوا سے خشک ہو چکی ہو تو اس پر طاہر اور دھلے ہوئے کپڑے پھیلانا جائز ہیں، لہذا صحیح کیا ہے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

غالبا یہ رسیاں نجاست اپنے اندر جذب نہیں کرتیں، اور پھر کپڑے بھی دھوئے بغیر ان رسیوں پر پھیلائے نہیں جاتے، اور جب کپڑا دھل جائے تو وہ طاہر اور پاك ہو جاتا ہے اور پھر کپڑا دھونے کے بعد نچوڑا بھی جاتا ہے تو اس کی رطوبت یا تو ختم ہو جاتی ہے یا پھر کم ہو جاتی ہے.

پھر اگر فرض کریں کہ یہ رسیاں اپنے اندر کچھ نجاست جذب کر گئی ہیں تو یہ بہت تیزی کے ساتھ جلد ہی خشک ہو جاتی ہیں اور دھوپ اور ہوا کے ساتھ جذب کردہ نجاست کا اثر ختم ہو جاتا ہے کیونکہ وہ بہت قلیل سی تھی، اور اس کا رنگ بھی محسوس نہ ہوتا تھا، اس لیے اس مسئلہ میں اس سے بچنے کے لیے سختی اور شدت سے کام نہیں لینا چاہیے.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے.